AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS IX EXAMINATION

MAY 2014

Islamiyat Paper II

Time: 1 hour 30 minutes   Marks: 30

ہدایات

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔ **امیدوار کے دستخط**

2۔ خصوصی ہدایت: اس پرچے میں کُل چھے سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں دو انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 6 نمبر)

(الف) كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭكَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ۔

(سورۂ انفال: آیت نمبر52)

ترجمہ۔"جیسا حال پہلے فرعونیوں کا، اور ان سے پہلے لوگوں کا (ہوا تھا ویسا ہی ان کا ہوا کہ) اُنھوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتوں سے کفر کیا تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے گناہوں کی سزا میں اُن کو پکڑ لیا۔ بے شک اللہ تعالیٰ زبردست اور سخت عذاب دینے والا ہے۔"

درج بالا آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرعون اور آلِ فرعون کے اعمال کی کیوں مذمت کی ہے؟ (3 نمبر)

(ب) كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭكَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ۔

(سورۂ انفال: آیت نمبر52)

درج بالا آیت سے ایک شخص کس طرح رہنمائی حاصل کر سکتا ہے؟ **تین نکات** تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

سوال۔2 (کل 6 نمبر)

(الف) "تم میں سے بہتر وہ ہے جس نے قرآن سیکھا اور اسے دوسروں کو سکھایا۔"

ایسے افراد معاشرے کے دوسرے افراد سے کیوں بہتر ہیں؟ **تین نکات تحریر کیجیے۔** (3 نمبر)

(ب) "تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ اُس کی خواہش اس (تعلیم) کے مطابق ہو جائے جو میں لایا ہوں۔"

درج بالا حدیث میں کس بات کی تعلیم دی گئی ہے؟ **تین نکات تحریر کیجیے۔** (3 نمبر)

سوال۔3 (کل 4 نمبر)

قرآن مجید کتابِ ہدایت ہے۔ قرآنِ مجید میں پائی جانے والی عملی ہدایت کی کوئی چار مثالیں مختصراً بیان کیجیے۔

سوال۔4 (کل 4 نمبر)

دین کے احکامات پر عمل کرنا اللہ تعالیٰ سے محبت کا تقاضہ ہے۔ اس بیان پر عمل کرنے سے مسلم معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ کوئی دو انفرادی اور دو اجتماعی اثرات بیان کیجیے۔

سوال-5 (کل 4 نمبر)

اصطلاح 'ثقافت' کے کیا معنی ہیں؟ ایک اسلامی ثقافت کی کوئی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔

سوال۔ 6 (کل 6 نمبر)

(الف) آخرت کا مفہوم بیان کیجیے۔ آپ کے جواب میں کم از کم دو قرآنی حوالے شامل ہونے چاہیے۔

یا

(ب) وجودِ باری تعالیٰ کے عقیدے کو بیان کیجیے۔ آپ کے جواب میں کوئی دو قرآنی حوالے شامل ہونے چاہیے۔

اختتام

Please use this page for rough work

Please use this page for rough work